کام کیا کہ ۱۹۴۶ء میں الیکشن ہوئے تو پندرہ ہزار مسلم ووٹوں میں سے صرف ایک ووٹ مسلم لیگ کے خلاف گیا۔ پاکستان بننے سے کچھ عرصہ قبل انگریز حکومت نے آپ کو دیکھتے ہی گولی مارنے کا آرڈر جاری کر دیا تھا۔ لیکن آپ اللہ کی حفاظت میں پاکستان پہنچ گئے۔ حافظ صاحب کی پوری زندگی کتاب اللہ و سنت رسول اللہ ﷺ کی آواز بلند کرتے گزری۔ آپ نے پاکستان میں چلنے والی تمام تحریکوں میں کلیدی کردار ادا کیا۔ اور قریباً ہر تحریک میں پابندِ سلاسل بھی رہے۔

جہلم میں آپ کی وفات کی خبر انتہائی افسوس اور غم کے ساتھ سنی گئی اسی روز مغرب کے بعد رئیس الجامعہ علامہ مدنی صاحب نے جامعہ میں ان کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی، علاوہ ازیں شہر بھر کی مساجد میں خطباتِ جمعہ کے اجتماعات میں انکی مسلکی خدمات کو شاندار خراجِ عقیدت پیش کیا گیا، اور بعد از نماز جمعہ انکی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی گئی

جہلم کی جماعت، ادارہ جامعہ اور حرمین ان کے صاحبزادگان عارف سلمان روپڑی، حامد سلمان روپڑی اور جملہ ورثاء کے اس غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اور دعاگو ہیں۔ کہ اللہ تعالی انہیں کروٹ کروٹ جنت الفردوس نصیب کرے اور ان کے لواحقین و جملہ متعلقین کو صبرِ جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

## حضرت مولانا عبد الرؤف رحمانی (نیپال) کا انتقال پر ملال

بر صغیر پاک و ہند کے نامور عالم دین اور خطیب حضرت العلام مولانا عبد الرؤف رحمانی جھنڈا نگری 30 نومبر 99 کو سو سال کی طویل عمر پا کر اپنے ادارہ جامعہ سراج العلوم جھنڈا نگر میں انتقال فرما گئے . انا للہ و انا الیہ راجعون

مولانا مرحوم میدانِ خطابت کے عظیم شہسوار تھے اور اسی وجہ سے انہیں خطیب الہند اور خطیب الاسلام کا خطاب ملا۔ آپ پچاس سے زائد کتابوں کے مصنف بھی تھے۔ اسکے ساتھ ساتھ آپ کے مضامین اخبارات و رسائل میں باقاعدہ چھپتے رہتے تھے۔ آپ جماعت اہلحدیث نیپال کے بانی تھے، آپ رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ کی مجلس تاسیسی کے رکن بھی تھے۔ آپ نے نیپال میں مساجد اور مدارس اہلحدیث کا جال بچھا دیا جب کہ وہاں ایک دور یہ بھی گزرا ہے کہ وہاں کوئی جنازہ پڑھانے والا نہ ملتا تھا۔ بعض اوقات لوگ میت کو ویسے ہی دفن کر دیتے تھے۔ اب ان کے بعد حضرت مولانا عبد اللہ مدنی فاضل مدینہ یونیورسٹی اور دیگر رفقاء نے دین کی اشاعت و تبلیغ اور تدریس کا بیڑا اٹھا رکھا ہے۔ اللھم زدفزد۔ ادارہ حرمین جماعت اہلحدیث نیپال اور بالخصوص ان کے ورثاء کے غم میں شریک ہے۔ اور دعا گو ہے۔ کہ اللہ تعالی مولانا مرحوم کی لغزشوں سے درگزر فرمائے اور اعلیٰ علیین میں مقام عطا فرمائے۔ آمین۔

## حضرت مولانا حافظ سیف الرحمٰن الفلاح کی وفات حسرت آیات

مرکز الدعوۃ الاسلامیہ، ۴۳ صمد پورہ، اوکاڑہ کے بانی و ناظم مولانا سیف الرحمٰن الفلاح طویل علالت کے